# خیالی تصویر

ہم ہمیشہ چاند دیکھتے ہیں۔ چاند کبھی مکمل گول ہوتا ہے اور کبھی ہلال نظر آتا ہے۔ چاند کی شکل بتدریج بڑھتی اور گھٹتی رہتی ہے۔ اماوس میں تو چاند بالکل دِکھائی نہیں دیتا۔ آیئے، چاند کے بارے میں اس طرح تصور کر کے تصویر بنائیں۔ تصور کی مدد سے بنائی ہوئی تصویروں کو خیالی تصویر کہتے ہیں۔

**مثلاً**

- بادل کو پانی سمجھ کر چاند کی ناؤ
- چاند اگر جھولا بن جائے ...
- چاند کو پَیر نکل آئے
- چاند جھاڑیوں میں چھپ گیا
- چندا ماموں کا گاؤں
- چندا ماموں ہنسنے لگے
- ہلال
- چاند کی سیر
- پورنیما کا چاند
- چاند سو گیا
- چندا ماموں کی ٹوپی
- چندا ماموں کا بنگلا



**میری سرگرمی :**

- دیے ہوئے موضوعات پر اپنے تصور کے مطابق سے تصویر بنائیے۔
مثلاً سورج، چڑیا، گڑیا، پری رانی، میرا پسندیدہ کارٹون وغیرہ۔

◆ چاند کے موضوع پر مباحثہ کروائیں۔ اس مباحثے میں طلبہ چاند کے بارے میں اپنے تصورات بیان کریں گے اور اس کی تصویر بنائیں گے۔ چاند کی بولتی آنکھیں، گول ناک، ہنستا چہرہ وغیرہ بنانے کے بعد خود بخود تصور میں موجود تصویر محسوس ہونے لگے گی۔ طلبہ کو اپنے تجربے سے مطابقت رکھنے والی تصوّراتی تصویریں بنانے والی سرگرمی یا پروجیکٹ دیں۔